SCAN TO VERIFY
LAW DEPARTMENT
GOVERNMENT OF SINDH
www.sindhlaws.gov.pk

# سندھ آرڈیننس نمبر XXXVII مجریہ ۱۹۸۴

# SINDH ORDINANCE NO.XXXVII OF 1984

## سندھ بلڈنگس کنٹرول (ترمیم) آرڈیننس، ۱۹۸۴

# THE SINDH BUILDINGS CONTROL (AMENDMENT) ORDINANCE, 1984

## فہرست (CONTENTS)

تمہید (Preamble)

۱۔ مختصر عنوان اور شروعات

Short title and commencement

۲۔ ۱۹۷۹ کے سندھ آرڈیننس V کی دفعہ ۱۴ کی ترمیم

Amendment of section 14 of Sindh Ordinance V of 1979

۳۔ ۱۹۷۹ کے سندھ آرڈیننس V کی دفعہ ۱۷ کی ترمیم

Amendment of section 17 of Sindh Ordinance V of 1979

# سندھ آرڈیننس نمبر XXXVII مجریہ ۱۹۸۴

# SINDH ORDINANCE NO.XXXVII OF 1984

## سندھ بلڈنگس کنٹرول (ترمیم) آرڈیننس، ۱۹۸۴

# THE SINDH BUILDINGS CONTROL (AMENDMENT) ORDINANCE, 1984

[پہلی نومبر ۱۹۸۴]

آرڈیننس جس کی توسط سے سندھ بلڈنگس کنٹرول آرڈیننس، ۱۹۷۹ میں ترمیم کی جائے گی۔

تمہید (Preamble)

جیسا کہ وفاقی شرعی عدالت نے سندھ بلڈنگس کنٹرول آرڈیننس، ۱۹۷۹ میں کچھ ترامیم کرنے کی ہدایت کی ہے؛

اور جیسا کہ سندھ بلڈنگس کنٹرول آرڈیننس، ۱۹۷۹ میں ترمیم کرنا مقصود ہے، جو اس طرح ہوگی؛

اب اس لیئے، پانچویں جولائی ۱۹۷۷ کے اعلان اور پرووِیزنل کنسٹیٹوشن آرڈر، ۱۹۸۱ کی روشنی میں سندھ کے گورنر نے مندرجہ ذیل آرڈیننس بنا کر نافذ کرنا فرمایا ہے۔

مختصر عنوان اور شروعات

Short title and commencement

۱۔ (۱) اس آرڈیننس کو سندھ بلڈنگس کنٹرول (ترمیم)

آرڈیننس، ۱۹۸۴ کہا جائے گا۔

(۲)یہ فی الفور نافذ ہوگا۔

۱۹۷۹ کے سندھ آرڈیننس V کی دفعہ ۱۴ کی ترمیم

Amendment of section 14 of Sindh Ordinance V of 1979

۲۔ سندھ بلڈنگس کنٹرول آرڈیننس، ۱۹۷۹ میں، جس کو اس کے بعد بھی مذکورہ آرڈیننس کہا جائے گا، اس کی دفعہ ۱۴ کی ذیلی دفعہ (۳) میں، آخر میں آنے والے فل اسٹاپ کو کولن سے تبدیل کیا جائے گا اور اس کے بعد مندرجہ ذیل شرطیہ بیان شامل کیا جائے گا:

۱۹۷۹ کے سندھ آرڈیننس V کی دفعہ ۱۷ کی ترمیم

‘‘بشرطیکہ اس دفعہ کے تحت ایسا کوئی بھی قدم نہیں اٹھایا جائے گا جب تک متاثر ہونے والے شخص کو اس سلسلے میں سننے کا موقعہ نہ فراہم کیا جائے۔’’۔

Amendment of section 17 of Sindh Ordinance V of 1979

۳۔ مذکورہ آرڈیننس کی دفعہ ۱۷ میں، آخر میں آنے والے فل اسٹاپ کو کولن سے تبدیل کیا جائے گا اور اس کے بعد مندرجہ ذیل شرطیہ بیان شامل کیا جائے گا:

"بشرطیکہ کوئی بھی درخواست یا اپیل خارج نہیں کی جائے گی، جب تک درخواست گذار یا اپیل کرنے والے کو، معاملہ جیسے بھی ہو، سننے کا موقعہ نہیں دیا جاتا۔"۔

**نوٹ: آرڈیننس کا مذکورہ ترجمہ عام افراد کی واقفیت کے لئے ہے، جسے کورٹ میں استعمال نہیں کیا جا سکتا۔**